امیگریشن نمائندے کو استعمال کرنا—ایسا درست طریقے سے کریں

کینیڈا ہر سال ہزاروں نئے آنے والوں کو خوش آمدید کہتا ہے۔ بہت سے لوگ اپنی امیگریشن یا شہریت کی درخواستوں میں مدد کے لیے معاوضہ لینے والے نمائندوں کو استعمال کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔

- میں واضح طور پر ان کی فیس کی نشاندہی کی جانی چاہیے۔
- ایسے نمائندے سے ہوشیار رہیں جو آپ کو غلط معلومات دینے یا آپ کی درخواست میں معلومات بیان نہ کرنے کا مشورہ دیتا ہے۔ یہ قانون کے خلاف ہے۔ اس کی وجہ سے آپ کی درخواست مسترد کی جا سکتی ہے، کینیڈا میں داخلے سے انکار، یا آپ کے پہنچنے کے بعد جلا وطن کیا جا سکتا ہے۔
- خالی درخواست فارموں، یا کسی بھی ایسے فارم یا دستاویزات پر دستخط مت کریں جنہیں آپ پڑھ نہیں سکتے ہیں۔ اگر آپ انہیں نہیں سمجھتے ہیں، تو کسی سے مدد طلب کریں۔
- کوئی بھی دستاویزات جو آپ کا نمائندہ آپ کے لیے بناتا ہے اس کی نقول حاصل کریں۔
- اپنے نمائندے کو ادائیگی کرتے وقت دستخط کردہ رسید طلب کریں۔
- اپنے پیسوں کی حفاظت کریں اور یاد رکھیں کہ IRCC:
  - آپ کو کسی ذاتی بینک اکاؤنٹ میں رقم جمع کروانے یا نجی منی ٹرانسفر کمپنی کے ذریعے رقم منتقل کرنے کا **کبھی نہیں** کہے گا
  - [عمل کاری کی فیسیں](#) کینیڈین ڈالر میں ہیں، اور وہ پوری دنیا میں ایک ہی ہیں۔ مقامی کرنسیوں میں فیس باضابطہ شرح مبادلہ پر مبنی ہوتی ہیں۔

اگر آپ کو اپنے نمائندے کے ساتھ کسی مسئلہ کا سامنا ہے، تو آپ شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

- **امیگریشن یا شہریت کے مشاورت کار کے لیے،** College of Immigration and Citizenship Consultants (کالج آف امیگریشن اینڈ سٹیزنشپ کنسلٹنٹس) سے رابطہ کریں۔
- **وکیل یا نوٹری کے لیے،** کینیڈین صوبائی یا علاقائی لاء سوسائٹی یا Chambre des notaires du Québec سے رابطہ کریں (صرف فرانسیسی میں)۔
- **پیرالیگل کے لیے (صرف اونٹاریو میں)،** Law Society of Ontario (اونٹاریو قانونی سوسائٹی) سے رابطہ کریں۔

دیگر مفید مشوروں، مجاز مشاورت کاروں کی فہرست، اور نمائندہ منتخب کرنے میں آپ کی مدد کی خاطر عمومی معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں Canada.ca/immigration-representative۔

جو لوگ بامعاوضہ امیگریشن یا شہریت کا مشورہ یا نمائندگی فراہم کرتے ہیں انہیں ان کا کرنے کے لیے مجاز ہونا لازمی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ بامعاوضہ نمائندگی یا امیگریشن مشورہ فراہم کرنے کا عمل صرف مندرجہ ذیل میں سے کسی اچھی ساکھ کے حامل اراکین کی طرف سے ہی انجام دیا جا سکتا ہے:

- کینیڈائی صوبائی یا علاقائی لاء سوسائٹی
- Chambre des notaires du Québec
- College of Immigration and Citizenship Consultants

اگر آپ امیگریشن یا شہریت کے مشاورت کار کی خدمات حاصل کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو ان کا لائسنس یافتہ ہونا لازمی ہے۔ 23 نومبر 2021 سے، کالج آف امیگریشن اینڈ سٹیزنشپ کنسلٹنٹس، امیگریشن اور سٹیزنشپ کنسلٹنٹس کا باضابطہ منظم کار/ضابط ہے۔ Immigration, Refugees and Citizenship Canada (IRCC) (امیگریشن، مہاجرین اور شہریت برائے کینیڈا) غیر لائسنس یافتہ مشیروں کے ذریعے سے جمع کرائی گئی درخواستوں کو قبول نہیں کرے گا۔

نمائندے کا انتخاب احتیاط سے کریں

- اپنے قابل اعتماد لوگوں کو کوئی مشاورت کار تجویز کرنے کا کہیں۔ آپ انتخاب کرنے سے پہلے کئی لوگوں سے مشورہ لیں۔
- Canada.ca/immigration-representative پر لائسنس یافتہ نمائندہ تلاش کریں۔
- نمائندے کی تربیت اور تجربے کے بارے میں پوچھیں۔ مثال کے طور پر، حوالہ جات طلب کریں اور معلوم کریں کہ وہ کتنے عرصے سے اس کاروبار سے منسلک ہیں۔ اس شخص سے محتاط رہیں جو آپ کے سوالوں کا جواب نہ دے رہا ہے۔
- پڑتال کریں کہ کیا [نمائندہ مجاز ہے](#)۔

جب آپ نمائندے کا انتخاب کر لیں

- تحریری معاہدہ (یا سروس کا معاہدہ) حاصل کریں اور اس پر دستخط کرنے سے پہلے اسے احتیاط سے پڑھیں۔ یہ یقینی بنائیں کہ معاہدے میں ان خدمات کی فہرست دی گئی ہے جو نمائندہ آپ کو فراہم کرے گا (جیسے امیگریشن مشورہ فراہم کرنا یا آپ کے ایماء پر IRCC کے ساتھ معاملہ طے کرنا/نمٹانا)۔ معاہدے

IRCC-3247b-02-2022 Ci4-228/2022Urd-PDF 978-0-660-41711-0